# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ، ساہیوال

## ترمیمی نوٹیفکیشن

نمبر: 6065/اے ایس آر — مورخہ: 06-12-2024

منجانب: سیکرٹری

بجانب: جملہ سربراہان

گورنمنٹ / الحاق شدہ / ہائی / ہائر سیکنڈری سکولز ملحقہ ساہیوال بورڈ۔

عنوان:۔ **<u>رجسٹریشن / داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم سیشن 26-2024 بمطابق ترمیم شدہ عمر کی حد</u>**

جملہ سربراہان ادارہ جات کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جماعت نہم میں رجسٹریشن / داخلہ کی بورڈ کی طرف سے مقرر کردہ 12 سال عمر کی حد میں دس ماہ کی رعایت (Relaxation) کے بعد نہم رجسٹریشن / داخلہ کی عمر کی حد 11 سال 2 ماہ مقرر کی گئی ہے جو کہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگی۔ **(مورخہ 01-06-2013 کے بعد کی تاریخ پیدائش والے طلباء / طالبات داخلہ / رجسٹریشن کے اہل نہ ہیں)** ۔ترمیم شدہ عمر کی حد (11 سال اور 2 ماہ) کے مطابق نہم کلاس تعلیمی سیشن 2024-2026 کی رجسٹریشن / داخلہ کروانے والے خواہش مند طلباء / طالبات بوساطت ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ رجسٹریشن فیس پہلے سے جاری شدہ رجسٹریشن شیڈول نمبر 33 / مورخہ 22-04-2024 برائے جماعت نہم سیشن 26-2024 کے مطابق لاگو ہوگی۔

| نمبر شمار | شیڈول | تعلیمی اداروں میں داخلہ / رجسٹریشن کا ڈیٹا آن لائن کرنے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ فیس کا اصل آن لائن بنک چالان بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| i | بغیر لیٹ فیس رجسٹریشن / داخلہ کی آخری تاریخ (ترمیم شدہ عمر کی حد کے مطابق) | 07-12-2024 تا 17-12-2024 |

نوٹ: مورخہ <u>17-12-2024</u> کے بعد جماعت نہم میں داخلہ / رجسٹریشن کی اجازت نہ ہوگی۔ اس کے علاوہ سابقہ جاری شدہ رجسٹریشن شیڈول برائے جماعت نہم سیشن 26-2024 پر درج ہدایات / قواعد / ضوابط پر عمل کریں۔ واضح رہے کہ موجودہ شیڈول صرف ترمیم شدہ عمر کی حد کے ریگولر / پرائیویٹ طلباء / طالبات کی سہولت کے پیشِ نظر جاری کیا گیا ہے۔ مزید معلومات کیلئے رجسٹریشن برانچ کے ٹیلی فون نمبر 040-9200526 پر رابطہ کریں۔

6/12/24

سیکرٹری
B.I.S.E, Sahiwal

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی)، اوکاڑہ، ساہیوال، پاکپتن
2۔ جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول آزاد جموں وکشمیر
3۔ پی۔ ایس برائے چیئرمین بورڈ ہذا
4۔ پی۔ اے برائے سیکرٹری / کنٹرولر بورڈ ہذا
5۔ آر۔ سی۔ او بورڈ ہذا (برائے اشاعت قومی و مقامی اخبار)
6۔ جملہ برانچ آفیسران بورڈ ہذا
7۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
8۔ آفس فائل

CS Scanned with CamScanner